Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. سورہ مریم کا خلاصہ تحریر کریں-

Ans 1: سورہ مریم اس زمانے میں نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر ظلم کررہے تھے- اس موقع پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا حکم فرمایا. حبشہ براعظم افریقہ کا ایک ملک تھا- جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم انبین نے نبوت کا اعلان فرمایا تو وہاں ایک عیسائی حکمران تھا، جس کا لقب نجاشی تھا- نجاشی بہت رحم دل اور عادل بادشاہ تھا، وہ کسی ظلم نہیں کرتا تھا - نجاشی کا اصل نام "آصحمد" ہے- مکہ مکرمہ میں صحابہ کرام رضی اللہ پر قریش کا ظلم حد سے گزر گیا تھا- اس موقع پر حضرت محمد رسول اللہ خاتم انبین نے محسوس کیا کہ ایسے سخت حالات میں مسلمانوں کے لیے زندگی بسر کرنا مشکل ہوتا جارہا ہے. آپ خاتم النبین نے اللہ تعالی کے حکم سے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی.

Ans 2: حضرت محمد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی اجازت سے گیارہ مردوں اور چار خؤاتین نے حبشہ کی طرف ہجرت کی. ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ اور آپ کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالی عنہ بھی تھیں، یہ حبشہ کی طرف پہلی ہجرت تھی- یہ نبوت کا پانچواں سال تھا. سورہ مریم کا خلاصہ " توحید ، رسالت اور آخرت کا بیان "ہے-

---

Q2. نجاشی کہاں کا حکمران تھا.

Ans 1: حبشہ براعظم افریقہ کا یک ملک تھا جس کا حکمران تھا.

Q3. آیات کا ترجمہ لکھیں. زلک عیسیٰ ابن مریم قول الحق الزی فیہ یمترون.

Ans 1: ترجمہ : یہ مریم علیہ السلام کے بیٹے عیسیٰ علیہ السلام ہیں یہی سچی بات ہے جس میں لوگ شک کرتے ہیں.

Q4. ہمیں اپنی حاجات کے لیے کس سے دعا کرنی چاہیے.

Ans 1: ہیمیں اپنی حاجات کے لیے صرف اللہ تعالی سے دعا کرنی چاہیے.

Q5. سورہ مریم کب نازل ہوئی.

Ans 1: سورہ مریم اس وقت نازل ہوئی جب مشرکین مکہ مسلمانوں پر ظلم کررہے تھے.

Q6. سورۃ مریم کے اہم علمی وعملی نکات میں سے دو تحریر کریں.

Ans 1: اللہ تعالی کی رحمت سے کبھی مایوس نہیں ہونا چاہیے ہر حال میں دعا مانگتے رہنا چاہیے. تمام انبیاء کرام علیہم السلام نے اپنی قوموں کو اللہ تعالی کی عبادت کرنے کی دعوت دی.

Q7. سورہ مریم میں کن عقائد کا بیان ہے.

Ans 1: سورہ مریم میں توحید، رسالت اور آخرت کا بیان ہے

Q8. پہلی ہجرت حبشہ کب ہوئی

Ans 1: پہلی ہجرت حبشہ نبوت کےپانچویں سال ہوئی.

Q9. سورہ مریم کو یہ نام کیوں دیا گیا.

Ans 1: اس سورۃ میں حضرت مریم علیہ السلام کا تذکرہ ہے اس لیے اس کا نام سورۃ مریم رکھا گیا . اس سورۃ میں اللہ تعالی نے زکر فرمایا ہے اور یہ بات سمجھائی ہے کی کس نبی کی معجزانہ پیدائش اس کو اللہ کا بیٹا نہیں بنادیتی

Q10. سورہ مریم کے کتنے رکوع اور آیات ہیں.

Ans 1: سورہ مریم کے 6 رکوع اور 98 آیات ہیں.
